ہندوستانی کارکنوں کیساتھ انسانی سلوک کیا جانا چاہئے: وزارت خارجہ

نئی دہلی، 28/جون۔ (ایجنسیز) ہندوستان نے اٹلی میں اپنے آجر کی اپروائی سے ہندوستانی کارکن ستنام سنگھ کی موت پر برہمی کا اظہار کیا ہے اور بیرون ملک مقیم ہندوستانی کارکنوں کیساتھ انسانی سلوک پر زور دیا ہے۔ شمالی اٹلی میں ہونے والے واقعہ کے بارے میں ترجمان نے کہا کہ ہندوستانی کارکن ستنام سنگھ کے آجر کو جلد سے جلد امداد فراہم کرنے کا وعدہ کیا گیا ہے اور مزید تفتیش جاری ہے۔ ہم ایسے رویے کی مذمت کرتے ہیں۔ ہم کارکنوں کے ساتھ انسانی سلوک کا مطالبہ کرتے ہیں۔ ہم اس کے خاندان کو ہر ممکن مدد فراہم کر رہے ہیں۔ لبنان کی صورت حال پر ایک سوال کے جواب میں جیسوال نے کہا کہ 3 تا 3.2 ہزار ہندوستانی وہاں رہتے ہیں۔ ہمارا سفارت خانہ ان سے رابطے میں ہے۔ ہم نے کوئی سفری ایڈوائزری جاری نہیں کی ہے' لیکن ہم نے اپنے لوگوں کو اپنے سفارت خانے سے رابطے میں رہنے کا مشورہ دیا ہے۔

مذہبی آزادی پر امریکی رپورٹ متعصّبانہ، ہندوستان کا شدید ردعمل

ہندوستان کے کئی ریاستوں میں انسداد تبدیلی مذہب قانون کا نفاذ، حقیقت سے بعید۔ رندھیر جیسوال کا بیان

نئی دہلی، 28/جون۔ (ایجنسیز) ہندوستان نے بین الاقوامی مذہبی آزادی سے متعلق امریکی وزارت خارجہ کی رپورٹ کو یکطرفہ مسترد کر دیا۔ وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ یہ رپورٹ نہ صرف حقلی جہالت بارانہ ہے بلکہ اس سے ووٹ بینک کی فکر ظاہر ہوتی ہے۔ جمعہ کو دہلی میں وزارت خارجہ سے متعلق بریفنگ کے دوران میڈیا کے سوالات کا جواب دیتے ہوئے جیسوال نے کہا ہم نے امریکی محکمہ خارجہ کی طرف سے جاری کردہ سال 2023 کے لیے بین الاقوامی مذہبی آزادی کی رپورٹ پر غور کیا ہے۔ پہلے کی طرح یہ رپورٹ بھی انتہائی متعصبانہ ہے' اس میں ہندوستان کے سماجی تانے بانے کو سمجھنے کا فقدان ہے اور واضح طور پر ووٹ بینک کے تحفظات اور متعصبانہ نقطہ نظر کے ماورا ہے۔ اس لیے ہم اسے سترد کرتے ہیں۔ یہ رپورٹ چند منتخب واقعات کو لیتے ہوئے پہلے سے تیار کردہ مخالف بیانیہ ہے۔ امریکی وزارت خارجہ کی جانب سے اس رپورٹ کو جاری کرتے وقت سکریٹری آف اسٹیٹ انتونی بلنکن نے کہا ہے کہ ہندوستان میں تبدیلی انسداد تبدیلی مذہب قوانین نافذ ہیں۔ علاوہ ازیں رپورٹ میں مذہبی اقلیتی گروپوں کے ارکان کیخلاف تحقیقات کے ذریعہ اقلیتوں کے مذہب اور عقیدے کی آزادی کے تحفظ میں حکومت کی اہلیت اور آمادگی پر بھی سوال اٹھائے ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ جبری تبدیلی مذہب پر احتیاط سے متعلق قوانین کے تحت عیسائیوں اور مسلمانوں کو گرفتار کیا گیا۔ مذہبی تنظیموں نے کہا ہے کہ کئی معاملات میں اُنھیں ہراساں کیا گیا اور جھوٹے اور سخت گھڑت الزامات پر یا قانونی طریقوں پر عمل کے باوجود انھیں نشانہ بنایا گیا اور ویزا جیسے حساس معاملوں کے لیے ہائی کمیشن بھی اس طرح کی رپورٹ کو جانبدارانہ رہی ہے۔ اس رپورٹ میں ہندوستان کے سماجی ڈھانچے سے متعلق معلومات کا فقدان' ووٹ بینک کے پیش نظر جاری کردہ اور اصول نقطہ نظر سے انحراف ہے۔ اس لیے ہی اس رپورٹ کو مسترد کرتے ہیں۔ رپورٹ میں درج سارے الزامات 'مفروضہ جات' غلط بیانی' حقائق کا ترجیحی استعمال' مصبانہ ذرائع پر انحصار اور مسائل کے یک رخی خاکوں کا مجموعہ ہے۔ اس کیساتھ ساتھ رپورٹ میں چنندہ واقعات کو استعمال کرتے ہوئے پہلے سے تیار کہانی کو آگے بڑھایا گیا ہے۔ رپورٹ میں توچند معاملات کے تئیں ہندوستانی قوانین' قواعد کے وجود اور پر ہی سوال اٹھایا گیا ہے۔ جیسوال نے مزید کہا کہ اس رپورٹ میں ہندوستانی عدالتوں کی جانب سے جاری کردہ فیصلوں کی دیانت داری کو بھی چیلنج کیا گیا ہے۔ رپورٹ میں ان قوانین کو بھی شامل بنایا ہے۔ یہ کہہ کر کہ قبیل کی ذمہ داری غیر منصفانہ ہے' یہ ایسے قوانین کی ضرورت پر سوال اٹھانا چاہتی ہے۔ خود امریکہ کے پاس زیادہ سخت قوانین اور ضوابط ہیں اور وہ یقینی طور پر اپنے لیے ایسے حل نہیں اپنائیگا۔ انسانی حقوق اور تنوع کا احترام ہندوستان اور امریکہ کے درمیان بحث کا ایک جائز موضوع رہا ہے اور رہے گا۔ سال 2023 میں ہندوستان نے امریکہ میں ہندوستانی شہریوں اور دیگر اقلیتوں پر نفرت انگیز جرائم' نسلی حملوں' عبادت گاہوں میں توڑ پھوڑ اور نشانہ بنانے کے قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ذریعہ تشدد اور بدسلوکی کیساتھ ساتھ پیروی ممالک میں انتہا پسندی کے حامیوں کو سیاسی سرپرستی فراہم کرنے کے کئی معاملات کو سرکاری طور پر اٹھایا ہے۔ تاہم ہم یہ بھی مانتے ہیں کہ اس طرح کے مکالمے دوسرے سیاسی نظاموں میں غیر ملکی مداخلت کا لائسنس نہیں بنے چاہئیں۔

ٹاملناڈو کونیٹ سے استثنیٰ کا مطالبہ، اسمبلی میں قرارداد منظور

مرکز نے 12ویں کے نشانات کی بنیاد پر میڈیکل میں داخلہ کی اجازت دینے کی اپیل

چنئی، 28/جون۔ (ایجنسیز) ریاست ٹاملناڈو کی اسمبلی نے جمعہ کو ایک پرچار ایک متفقہ قرارداد منظور کی جس میں مرکز پر زور دیا گیا کہ وہ ریاست کو طبی تعلیم کے گریجویشن کورس میں داخلہ کے 'قومی اہلیت معہ داخلہ ٹیسٹ' (نیٹ) سے مستثنیٰ قرار دیا جائے اور اسے بارہویں جماعت (انٹرمیڈیٹ) کے امتحانات میں حاصل کردہ نشانات کی بنیاد پر طلباء کو میڈیکل کورسز میں داخلہ دینے کی اجازت دیا جائے۔ بی جے پی کی مخالفت اور واک آؤٹ کے درمیان ٹاملناڈو اسمبلی میں نیٹ سے متعلق قرارداد منظور کی گئی۔ اس قرارداد میں مرکز سے مطالبہ کیا گیا کہ وہ قانون منتقلی میڈیکل کیشن میں ترمیم کرے اور کئی ریاستوں میں اس امتحان پر بڑھتی ہوئی مخالفت اور بے ضابطگیوں کو نظر رکھتے ہوئے ملک گیر اسکریننگ ٹیسٹ کو ختم کرے۔ بی جے پی کی حلیف پارٹی پی ایم کے نے تاہم چیف منسٹر اور ڈی ایم کے پارٹی کے صدر ایم کے اسٹالن کی طرف سے پیش کردہ قرارداد کی حمایت کی۔ اس قرارداد پر ڈیل دی گئی ہے کہ یہ امتحان امتیازی ہے اور اس سے دیہی اور غریب طلباء کو طبی تعلیم تک رسائی کے موقع سے محروم رکھا گیا اور کوالیفائنگ کے معیار کے طور پر انٹرمیڈیٹ میں حاصل نشانات کی بنیاد پر داخلہ دینے ریاستوں کو ان کے حقوق سے محروم رکھا گیا ہے۔ پی جے پی لیڈر نرمل کمار سیتارمن نے ڈیل دی کہ قومی اہلیت۔ کم۔ داخلہ ٹیسٹ (نیٹ) کی ضرورت تھی کیونکہ اس کے بہت سے فوائد ہیں۔ اس

دیل پر کہ غریب اور دیہی طلبا کو نیٹ کی وجہ سے طبی تعلیم حاصل کرنے میں مشکل پیش آئی۔ اس وقت کے مرکزی وزیر صحت نے یہ یقین دہانی کرائی تھی کہ وقت کے چیف منسٹر پلانی سوامی نے نیٹ پاس کرنے والے ریاستی سرکاری اسکولوں کے طلباء کے لیے 7.5 فیصد تحفظات کو یقینی بنایا تھا۔ ناگینڈرن نے پی جے پی ارکان کیساتھ اسمبلی سے واک آؤٹ کرتے ہوئے کہا نیٹ کی ضرورت ہے نیٹ کے خلاف اسمبلی کی قرارداد ناقابل قبول ہے اس لیے ہم واک آؤٹ کر رہے ہیں۔ ایوان میں قرارداد کی منظوری کے وقت ریاست کی اصل اپوزیشن جماعت اناڈی ایم کے غیر حاضر رہی۔ کیونکہ زہریلی شراب واقعہ میں اموات پر ایوان میں ظل ڈالنے پر 29 جون کو ختم ہونے والے مختصر اجلاس کے لئے تمام ارکان کو معطل کر دیا گیا تھا۔ قرارداد پیش کرتے ہوئے اسٹالن نے کہا کہ غریب اور دیہی طلباء کے لیے طبی تعلیم کو ناقابل رسائی بنانے کے علاوہ نیٹ دیہی اور پسماندہ علاقوں میں طبی خدمات کو متاثر کرے گا۔ ڈی ایم کے مسلسل نیٹ کی مخالفت کر رہی ہے جب سے اسے 2017 میں لازمی قرار دیا گیا تھا اور یہاں تک کہ اس نے امتحان کو ختم کرنے کے مقصد سے ایک بل پیش کیا تھا جو ابھی بھی چالو ہے۔ چیف منسٹر نے ایوان کی طرف سے منظور کی گئی اسمبلی کی دو سابقہ قراردادوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا ان قراردادوں میں ٹاملناڈو کو نیٹ سے استثنیٰ دینے کے لیے صدارتی منظوری حاصل کی گئی تھی۔

ہندوستان کو ہندو راشٹر نہیں بنایا جاسکتا: سدارمیا

عام انتخابات کے نتائج سے یہ بات ثابت ہوگئی۔ امریتہ سین کا بیان کا خیر مقدم

بنگلورو، 28/جون۔ (ایجنسیز) نوبل انعام یافتہ ماہر اقتصادیات امریتہ سین کے ہندوستان و ہندو راشٹر سے متعلق بیان پر بی جے پی کے اعتراض پر کرناٹک کے وزیراعلیٰ سدارمیا کا ردعمل سامنے

آیا ہے۔ ہندوستان ہندو راشٹر نہیں بلکہ تکثیریت کا اور کئی کمیونیوں کے اتحاد کا ملک ہے۔ ہم کہتے رہے ہیں کہ ہندوستان کو ہندو راشٹر نہیں بنایا جاسکتا۔ دراصل ملک کے ہندو راشٹر ہونے کے تعلق سے امریتہ سین نے ایک بیان دیا تھا جس میں انہوں نے کہا تھا کہ لوک سبھا انتخابات کے نتائج سے یہ بات ثابت ہوگئی ہے کہ ہندوستان ہندو راشٹر نہیں ہے۔ ان کے اس بیان پر بی جے پی نے اعتراض کیا تھا، جس پر وزیراعلیٰ سدارمیا نے اپنا ردعمل ظاہر کیا ہے۔ وزیراعلیٰ سدارمیا نے کہا ہے کہ ہندوستان کو ہندو راشٹر نہیں بنایا جاسکتا۔ بدھ (26 جون) کو ماہر اقتصادیات امریتہ سین کی قیادت والی ایک ٹیم نے کرناٹک کے گزشتہ سال اگست میں پارلیمنٹ میں بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کی حکومت کی جانب سے پیش کئے گئے 'بھارتیہ شہری تحفظ سنہتا بل' 2023 اور بھارتیہ ساکشیہ بل 2023 کو موجودہ تعزیرات ہند' (آئی پی سی) ضابطہ فوجداری اور انڈین ایویڈینس ایکٹ پر یہ دعویٰ کرتے ہوئے کہ نئے قوانین عوام مخالف' غیر جمہوری اور سخت ہیں۔

نئے فوجداری قوانین 'عوام مخالف'

یکم جولائی کو یوم سیاہ منانے بنگال بار کونسل کا اعلان

کولکتہ، 28/جون۔ (ایجنسیز) مرکزی حکومت کی جانب سے مدون کردہ نئے تین فوجداری قوانین جو موجودہ تعزیرات ہند' ضابطہ فوجداری اور قانون شواہد (یعنی آئی پی سی' سی آر پی سی اور ایویڈینس ایکٹ) کی جگہ لیں گے۔ ان تین نئے قوانین کو جن کا نام مرکزی حکومت نے رتنے نیا سنہتا' بھارتیہ شہری تحفظ سنہتا' اور بھارتیہ ساکشیہ سنہتا رکھا ہے' کو عوام دشمن اور سخت قرار دیتے ہوئے مغربی بنگال کی بار کونسل نے جمعہ کو کہا کہ ان قوانین کے نفاذ کے موقع پر یکم جولائی کو یوم سیاہ منائیگی۔ مغربی بنگال کی بار کونسل نے ایک قرارداد منظور کی ہے کہ مغربی بنگال اور انڈمان اور نکوبار چزائر کی عدالتوں میں پریکٹس کرنے والے وکلاء یکم جولائی کو اپنے عدالتی کام سے دور رہیں گے۔ ڈی جے پی کی قیادت والی اتحاد کی اس ڈی اے حکومت نے گزشتہ سال اگست میں پارلیمنٹ میں بھارتیہ ساکشیہ بل 2023' بھارتیہ شہری تحفظ سنہتا بل' 2023 اور بھارتیہ ساکشیہ بل 2023 کو موجودہ تعزیرات ہند' (آئی پی سی) ضابطہ فوجداری کو تبدیل کرنے کے لیے پیش کیا تھا۔ ضابطہ کے تحفظ فوجداری قانون کو تبدیل کرنے کے لیے پیش کیا تھا۔ ضابطہ

بارش کے باعث دہلی ایرپورٹ کی چھت کا انہدام، مجرمانہ غفلت کا نتیجہ

زعفرانی جماعت کے 'چندہ دو اور دھندہ لو' ماڈل کا پردہ فاش۔ اپوزیشن قائدین کا حکومت پر سنگین الزام

نئی دہلی، 28/جون۔ (ایجنسیز) کانگریس کے صدر ملیکارجن کھرگے نے دہلی ایرپورٹ کے منہدم 1 کی چھت گرنے کے حادثے پر آج وزیراعظم مودی کی حکومت کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ ناقص انفرا اسٹرکچر کے انہدام کیلئے بدعنوانی اور بھرمار اور پروپاگنڈہ ذمہ دار ہے۔ کھرگے نے سوشل میڈیا ورک ایکس پر کہا دہلی ایرپورٹ کے سانحے کے متاثرین کے تئیں ہماری دلی تعزیت۔ یہ سب لوگ بدعنوان' نااہل اور خود غرض حکومت کا شکار ہوگئے۔ انہوں نے کہا کہ مودی حکومت کے گذشتہ 10 سالوں میں ناقص انفرا اسٹرکچر کی تباہی' بنیادی ڈھانچوں کے تناش کے چوں کی طرح گرنے کے لیے بدعنوانی اور بھرمار ذمہ دار ہے۔ کھرگے نے متعدد بنیادی ڈھانچے کے پراجکٹس کی فہرست بھی دی جن کی مودی حکومت نے بہت زیادہ تشہیر کی تھی جو اس طرح کے بہتر طریقے سے نہیں چل سکے جیسے کہ انکھران پارٹی چاہتی تھی۔ انہوں نے کہا' دہلی ایرپورٹ T-1 کی چھت گرنا' جبل پور ایرپورٹ کی چھت گرنا' ایودھیا کی نئی سڑکوں کی ابتر حالت' رام مندر کا رساؤ' ممبئی ٹرانس ہاربر لنک روڈ میں دراڑیں' 2023 چندرایہ مثالیں ہیں جو مودی جی اور بی جے پی کے عالمی معیار کا انفرا اسٹرکچر بنانے کے دعووں کے بے نقاب کرنے کے لیے کافی ہیں۔ سینئر کانگریس لیڈر نے کہا کہ جب مودی جی نے 10 مارچ کو دہلی ایرپورٹ T1 کا افتتاح کیا تو انہوں نے خود کے بارے میں کہا تھا' دوسری مدتی کے آسمان میں تمام جھوٹی بہادری اور بیان بازی صرف انتخابات سے پہلے پراجکٹس کے رن کا ٹنے کی رسومات میں جلدی کرنے کے لیے مخصوص تھی۔ پر بی کا گاندھی نے اس واقعہ کو لے کر مودی حکومت کو آڑے ہاتھوں لیا اور 2024 میں بہار میں گرنے والے 13 ویں پل' پرگتی میدان' گجرات میں سرنگ کا ڈھہنا' موربی پل گرنے کا سانحہ



آج اس کی چھت گر گئی' جس کے پیچھے میں ایک کیب ڈرائیور کی المناک موت ہوگئی۔ تین ماہ قبل وزیراعظم نے جنبل پورایئر پورٹ کا افتتاح کیا تھا' اس کی بھی چھت گر گئی۔ ایودھیا میں تعمیراتی کاموں کی خراب حالت سے ملک غمزدہ ہے۔ یہ بی جے پی کا چندہ لو اور دھندہ دو کا بدعنوان ماڈل ہے' جس سے اب پردہ اٹھ چکا ہے۔ سوال یہ ہے کہ کیا وزیراعظم ان ناقص تعمیراتی کاموں اور اس بدعنوان ماڈل کی ذمہ داری لیں گے؟ قابل ذکر ہے کہ دہلی میں موسلا دھار بارش کی وجہ سے مشکلات بڑھ گئی ہیں۔ بارش کے دوران دہلی کے آئی جی ایرپورٹ کے ٹرمینل-1 پر چھت گرنے سے ایک شخص کی موت ہوگئی' جبکہ 6 افراد زخمی ہوگئے۔ ٹرمینل کی باقی عمارت کو بند کر دیا گیا ہے' جہاں پر بھاری بارش ہو رہی ہے' جس سے دیکھا جا سکتا ہے کہ کس طرح چھت کا ایک حصہ گاڑیوں پر گرا اور گاڑیاں دب گئیں۔

جناب نورالاسلام نے لوک سبھا کے رکن کی حیثیت سے حلف لیا

نئی دہلی، 28/جون۔ (ایجنسیز) آل انڈیا ترنمول کانگریس کے ایس کے نورالاسلام نے آج لوک سبھا کے رکن کے طور پر حلف لیا۔ اپوزیشن کے ہنگامہ آرائی کی وجہ سے ایوان کی کارروائی 11 بجے ملتوی ہونے کے بعد جب دوپہر 12 بجے دوبارہ کارروائی شروع ہوئی تو نورالاسلام نے حلف لیا۔ نورالاسلام کی طبیعت ناسازتھی اس لیے وہ 24 اور 25 جون کو ایوان میں حلف نہیں لے سکے تھے۔ نورالاسلام کی طبیعت ابھی ٹھیک نہیں ہے' اس لیے انہوں نے اپنی سیٹ پر ہی حلف لیا۔ انہوں نے بنگالی زبان میں حلف لیا۔

ہیمنت سورین کو ضمانت ملنے پر ممتا بنرجی کا اظہار مسرت

کولکتہ، 28/جون۔ (ایجنسیز) مغربی بنگال کی چیف منسٹر ممتا بنرجی نے جھارکھنڈ کے سابق چیف منسٹر ہیمنت سورین کو منی لانڈرنگ کے ایک میعاد معاملے میں ضمانت ملنے پر خوشی کا اظہار کیا۔ جھارکھنڈ ہائی کورٹ نے جمعہ کو سورین کو 8.36 ایکڑ میں پر غیر قانونی قبضے سے متعلق پی ایم ایل اے کیس میں ضمانت دے دی۔ سابق چیف منسٹر کو انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے 31 جنوری کو زمین پر قبضے کے مبینہ معاملے میں گرفتار کیا تھا۔ بنرجی نے کہا' جھارکھنڈ کے اہم قبائلی رہنما اور سابق چیف منسٹر ہیمنت سورین کو ایک کیس کی وجہ سے 5 مہینے دیا زیادہ اٹھانا پڑا' لیکن آج انہیں عزت مآب ہائی کورٹ سے ضمانت مل گئی ہے! میں اس عظیم پیش رفت سے بہت خوش ہوں اور مجھے یقین ہے کہ وہ ظوری طور پر اپنی عوامی سرگرمیاں شروع کر دیں گے۔

ہماچل پردیش میں قبل مانسون بارش سے تباہی

شملہ، 28/جون۔ (ایجنسیز) مانسون کے آغاز کے ساتھ ہی بارش نے شملہ کے لوگوں کو خوفزدہ کرنا شروع کر دیا ہے۔ جمعرات کی رات ہونے والی بارش نے شہر میں کئی مقامات پر نقصانات کی اطلاع دی ہے۔ شملہ شہر میں گزشتہ 12 گھنٹوں میں 83 ملی میٹر بارش ہوئی ہے۔ موسلا دھار بارش سے کئی مقامات پر کافی نقصان ہوا تاہم شہر کے مختلف علاقوں سے برالوں سے ملبہ آنے سے ایم سی کے دعووں کی پول کھل کر سامنے آ گئی ہے۔ شہر کے نالوں کا کچرا اور ملبہ جہاں سڑک پر پھیل گیا ہے وہیں دوسری جانب ملینہ سرالہ روڈ پر جا لگا ڑیوں کو نقصان پہنچا ہے اور تین گاڑیاں ملبے تلے دب گئی ہیں۔ پولیس سے موصولہ اطلاع کے مطابق یہ گاڑیاں ملینہ سرالہ روڈ پر نالے کے پاس کھڑی تھیں لیکن پہاڑ سے آنے والی تیز بارش کی وجہ سے نالے میں ملبہ آگیا جس کی زد میں نالے میں کھڑی تینوں گاڑیاں آگئیں۔

آسام میں 19 کروڑ مالیتی ہیروئن ضبط، 6 افراد گرفتار

گوہاٹی، 28/جون۔ (ایجنسیز) ریاست آسام میں تین علیحدہ علیحدہ واقعات میں پولیس نے 19 کروڑ روپے مالیتی ہیروئن نامی منشیات کی ذخیرہ کو ضبط کرتے ہوئے 6 افراد کو گرفتار بھی کیا گیا۔ منشیات کی ضبطی اور 6 افراد کی گرفتاری پر جمعہ کو چیف منسٹر ہمنتا بسوا سرمانے پولیس کو مبارکباد پیش کی۔ ہیمنتا شرما نے لکھا کہ مخصوص معلومات پر کارروائی کرتے ہوئے پولیس نے ضلع کاچار کے دھرگھل نول گیٹ پر ایک خصوصی ناکہ بندی کی۔ اور 1.881 کیلوگرام ہیروئن ضبط کی۔ پولیس نے اس سلسلے میں 3 افراد کو گرفتار بھی کیا ہے۔ ضبط کردہ ہیروئن کی بین الاقوامی مارکیٹ میں مالیت 9.5 کروڑ روپے بتائی گئی ہے۔

امرتسر میں 9 کلو ہیروئن، 66 کیلو افیون ضبط، 5 گرفتار

امرتسر۔ 8 جون (یو این آئی) پنجاب کے امرتسر میں پولیس نے دو الگ الگ معاملات میں 9.2 کلوگرام ہیروئن کے ساتھ تین لوگوں کو گرفتار کیا ہے۔ پولیس کے ڈائریکٹر جنرل گورو یادو نے جمعہ کو کہا کہ ایک خفیہ کی اطلاع پر قومی کارروائی کرتے ہوئے امرتسر پولیس نے پہلے معاملے میں شیوا انکلیو راجا سنسی' امرتسر روڈ کے علاقے سے دو منشیات اسمگلروں کو 8 کلو 200 گرام ہیروئن کے ساتھ گرفتار کیا۔ اسی طرح کے ایک دیگر کیس میں پولیس نے منشیات اسمگلر کو ایک کلو ہیروئن سمیت گرفتار کر لیا۔ اسی دوران پنجاب کے ضلع فاضلکا میں پولیس نے جھارکھنڈ سے آنے والے دو سے بڑے بین ریاستی انٹرنیشنل اسمگلنگ گینگ کا پردہ فاش کیا ہے اور دو اسمگلروں کو 66 کلوگرام افیم کے ساتھ گرفتار کیا ہے۔

دہلی کے بلدی کونسلر روندر سنگھ نیگی نے سڑکوں پر کشتی چلائی



نئی دہلی، 28/جون۔ (ایجنسیز) دہلی میں شدید بارش کی وجہ سے کئی علاقوں میں پانی بھر گیا ہے۔ اس دوران دہلی بی جے پی کے ایک کونسلر روندر سنگھ نیگی نے دہلی میونسپل کارپوریشن کی ناکامی کو اجاگر کرنے کے لیے سڑک پر جمع پانی میں کشتی چلائی۔ بی جے پی کونسلر میڈیا سے کہا کہ یہ ڈبلیو ڈی کا نالا اور فلور کا ہے۔ دہلی کی عام آدمی پارٹی حکومت نے نالوں کی صفائی نہیں کرائی۔ اس معاملے کو بار بار ایوان میں اٹھاتے رہے ہیں لیکن عام آدمی پارٹی کو شرم تک نہیں آتی۔ دہلی میونسپل کارپوریشن میں عام آدمی پارٹی کی حکومت ہے۔

زرمبادلہ کے ذخائر 816 ملین ڈالر کا اضافہ

ممبئی، 28/جون۔ (ایجنسیز) مرکزی بینک آر بی آئی نے جمعہ کے 21 جون کو ختم ہوئے ہفتہ سے متعلق اعداد و شمار پیش کئے۔ ان اعداد و شمار سے پتہ چلتا ہے کہ ہندوستان کے زرمبادلہ کے بیرونی ذخائر میں گزشتہ ہفتہ 816 ملین ڈالر کا اضافہ ہوا۔ اس طرح ہندوستان کے زرمبادلہ کے مجموعی ذخائر 653.7 بلین ڈالر کے ہوگئے۔ یہ صورتحال سونے کے ذخائر میں اضافے کی وجہ سے پیدا ہوئی۔ گزشتہ ہفتے کل زرمبادلہ کے ذخائر میں 2.92 ارب ڈالر کی کے بعد 652.9 ارب ڈالر رہ گئے تھے۔ جمعہ کو ریزرو بینک کی طرف سے جاری کردہ ہفتہ وار اعداد و شمار کے مطابق غیر ملکی کرنسی کے اثاثے' جو کہ کل زرمبادلہ کے ذخائر کا سب سے بڑا جزو ہے' 21 جون کو ختم ہونے والے ہفتے میں 10.6 ارب ڈالر کی کمی کے ساتھ 574.1 بلین ڈالر رہ گئے۔ وہیں اس عرصے کے دوران سونے کے ذخائر 988 ملین ڈالر بڑھ کر 56.95 بلین ڈالر ہوگئے۔ زیر نظر ہفتے میں خصوصی ڈرائنگ رائٹس (ایس ڈی آر) میں 57 ملین ڈالر کی کمی ہوئی اور 18.05 ملین ڈالر پر آ گئے۔ اس طرح اس عرصے کے دوران انٹرنیشنل مانیٹری فنڈ (آئی ایم ایف) کے پاس ریزرو فنڈ 9 ملین ڈالر کم ہوکر 4.57 بلین ڈالر رہ گیا۔

مغربی بنگال: اساتذہ تقرری گھوٹالے میں دستاویز برآمد

کولکاتا، 28/جون۔ (ایجنسیز) ریاستی محکمہ تعلیم کے دفتر پر کالج بھون میں تین دنوں سے سی بی آئی اساتذہ تقرری گھوٹالہ میں تلاشی مہم چلا رہی ہے۔ جمعہ کو دوپہر سی بی آئی نے سالٹ لیک میں واقع پرکاش بھون کے گودام سے اہم دستاویزات کا کھیلا برآمد کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق ان تمام دستاویزات میں ابتدائی بھرتی کرپشن کیس سے متعلق بہت سی اہم معلومات موجود ہیں۔ محکمہ تعلیم کے مختلف دستاویزات کو ذخیرہ کرنے کے لیے استعمال ہونے والے گودام کو سی بی آئی نے 23 دسمبر 2022 کو سیل کر دیا تھا۔ تقریباً ڈیڑھ سال کے بعد سی بی آئی کے افسروں نے بدھ کو دوبارہ گودام کا دورہ کیا۔ انہوں نے بدھ اور جمعرات کو پورے سے شام تک وہاں فائل کی تلاشی لی۔ تلاشی جمعہ کو دوبارہ شروع ہوئی۔ دوپہر کے وقت سی بی آئی کے افسران کو دستاویزات کے تھیلے لے کر باہر آتے دیکھا گیا۔ سی بی آئی ذرائع کے مطابق پرائمری بھرتی ٹیسٹ سے متعلق ضروری معلومات کے علاوہ امیدواروں کے ناموں کی فہرست ہے۔ جس سے پرائمری بھرتی کرپشن کی تحقیقات میں نئی راہیں کھل سکتی ہیں۔ نومبر 2023 میں، سی بی آئی نے بھرتی کیس کی تحقیقات کے لیے یکم جون کو ہی تلاشی مہم چلائی تھی۔

راجیہ سبھا کے نائب صدر نشین پینل کی تشکیل نو

نئی دہلی، 28/جون۔ (ایجنسیز) راجیہ سبھا کے چیئرمین جگدیپ دھنکر نے آج ایوان کے 264 ویں اجلاس کے لئے نائب صدر نشین پینل کی تشکیل نو کا اعلان کیا۔ دھنکر نے وقفہ صفر کے دوران بتایا کہ ڈپٹی چیئرمین ہری ونش نارائن سنگھ کے بموجب راجیہ سبھا کے قواعد کے قاعدہ 9 کے ذیلی قاعدہ 1 کے تحت 10 گرام 550 روپے اور ایک کیلو چاندی 91,200 روپے میں فروخت ہوئی۔ اسی طرح عالمی صرافہ بازاروں میں ایک اونس (28.35 گرام) سونا 2,322 ڈالر میں جب کہ ایک اونس چاندی 29.20 ڈالر میں فروخت ہوئی۔

ڈالر کی قدر 83.38 ہوگئی

ممبئی، 28/جون۔ (ایجنسیز) ہندوستان کے بین بینکی زرمبادلہ کے بازاروں میں گزشتہ دن کی تجارت کے خاتمہ پر ڈالر کے مقابل ہندوستانی روپیہ کی قدر 11 پیسے مستحکم ہوگئی۔ اس طرح ایک ڈالر کی قدر 83.38 روپے ہوگئی۔ جمعہ کو بازار کی کشادگی کے وقت ڈالر کی قدر 83.42 روپے تھی' دن بھر بیرونی تجارت کے دوران ڈالر کی بلند ترین قدر 83.36 روپے اور اقل ترین قدر 83.49 روپے رہی۔ تاہم بازار بند ہونے تک ایک ڈالر کی قدر 83.38 روپے پر مستحکم ہوگئی۔

چادر لگی پھٹنے، خیرات لگی بٹنے، مہاراشٹر بجٹ پر ادھوٹھاکرے کا ردعمل

ریاست کی ترقی اور روزگار کیلئے منصوبہ نہیں۔ بجٹ، صرف آئندہ اسمبلی انتخابات کیلئے ہے



ممبئی، 28/جون۔ (ایجنسیز) مہاراشٹر اسمبلی کے مانسون اجلاس میں آج مہایوتی حکومت کا بجٹ پیش کیا گیا۔ وزیر خزانہ اجیت پوار نے اتحادی حکومت کی جانب سے اضافی بجٹ پیش کیا۔ آنے والے اسمبلی انتخابات کو مدنظر رکھتے ہوئے بجٹ میں کئی بڑے اور اہم اعلانات کیے گئے۔ اب ادھوٹھاکرے نے ان کو لے کر مہایوتی حکومت کو نشانہ بنایا۔ ادھوٹھاکرے نے کہا کہ اگر آج کے بجٹ کا خلاصہ ایک لائن میں پیش کیا جا سکتا ہے کہ 'چادر لگی پھٹنے، خیرات لگی بٹنے'۔ ادھوٹھاکرے نے کہا کہ آج آپ لڑکی بہن اسکیم لے کر آئے ہیں، لیکن براہ کرم ہمارے لڑکوں کے بارے میں بھی سوچیں۔ آج ریاست میں بہت سے نوجوان بے روزگار ہیں۔ ریاست کی ترقی اور روزگار کیلئے کوئی منصوبہ نہیں ہے۔ یہ بجٹ صرف آنے والے اسمبلی انتخابات کیلئے ہے۔ اچھے دن کہاں ہیں، یہ سب مذاق ہے۔ اس بجٹ کے بارے میں جیت پاٹیل نے کہا کہ حکومت نے انتخابات سے پہلے کچھ طبقوں کو اپنی طرف متوجہ کرنے کیلئے اپنا آخری اقدام کیا ہے۔ آج حکومت نے پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں کمی کی ہے، جس کا ہم خیر مقدم کرتے ہیں، بجٹ میں بڑے اعلانات کیے گئے ہیں، لیکن اتنا پیسہ کہاں سے آئے گا، وٹوں کو رجھانے کے لئے صحت کے کئی اعلانات کیے ہیں۔ واضح رہے کہ مہایوتی کے اس بجٹ میں کسانوں اور خواتین پر خصوصی توجہ دی گئی ہے۔ بجٹ میں ماجھی لاڈلی بہنا اسکیم کا اعلان کیا گیا ہے۔ اس اسکیم کے تحت ماہی خواتین کو حکومت کی طرف سے ہر ماہ 1500 روپے دیئے جائیں گے۔

پنج وقتہ نمازی قیدی کی پھانسی کی سزا، عمر قید میں تبدیل۔ اوڈیشہ ہائی کورٹ کا تاریخی فیصلہ



بھونیشور، 28/جون۔ (ایجنسیز) اوڈیشہ ہائی کورٹ نے ایک ریپسٹ اور قاتل کی سزائے موت سے عمر قید میں تبدیل کر دیا۔ ہائی کورٹ نے سزا میں تبدیلی کی بنیاد جیل کی 5 وقتہ نماز پڑھنے کو بنایا۔ اس فیصلے کے خلاف سوشل میڈیا پر لوگ مسلسل ردعمل کا اظہار کر رہے ہیں۔ لوگ پوچھ رہے ہیں کہ کیا پانچ وقت نماز پڑھنا مجرم کی اصلاح کا ثبوت ہے؟ کیا یہ اس بات کی ضمانت ہے کہ مجرم آئندہ ایسا بہتر شخص بن گیا ہے۔ واضح رہے کہ 36 سالہ ملزم کی سزا کو تبدیل کرتے ہوئے 2 ججوں کی بنچ نے تبصرہ کیا کہ وہ دن میں 5 وقت نماز پڑھتا ہے۔ جس کی بنیاد پر سزائے موت کو عمر قید میں تبدیل کر دیا گیا۔ ملزم کا نام شیخ آصف علی ہے۔ ہائی کورٹ نے کہا کہ یہ سب ثابت کیس بھی نہیں ہے۔ اس نے 6 سالہ معصوم بچی کو زیادتی کا نشانہ بنا کر قتل کر دیا۔ یہ سب ثابت کیس بھی نہیں ہے۔ اس لئے سزائے کو عمر قید میں تبدیل کر دیا گیا۔ جسٹس ایس کے ساہو اور جسٹس آر کے پٹنائک نے کہا کہ ملزم اب سزا قبول کرنے کیلئے تیار ہے۔ دو دن میں کئی بار اللہ سے دعا کرتا ہے۔ ایسا لگتا ہے کہ اس نے اللہ کے سامنے سرتسلیم خم کر دیا ہے۔ جس کی وجہ سے اب اس کے جرم کو تایاب ترین کیس ک